فوری ریلیز کے لیے: 22/2/2023 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے مالی سال 2024 کے انتظامی بجٹ کے جزو کے طور پر سدرن ٹیئر میں سرمایہ کاریاں اجاگر

بجٹ میں سدرن ٹیئر میں محکمۂ ٹرانسپورٹیشن کے سرمایہ جاتی منصوبوں کے لیے $151 ملین سے زیادہ؛ مقامی سڑکوں اور گڑھوں کی مرمت کے لیے $23 ملین سے زیادہ شامل ہے

بنگھیمٹن یونیورسٹی کے لیے $50 ملین شامل ہے تاکہ بیٹری ٹیکنالوجی کی اختراع کے لیے مرکز کا قیام جاری رکھا جا سکے

گورنر Kathy Hochul نے آج اپنے مالی سال 2024 کے انتظامی بجٹ میں نیو یارک کے سدرن ٹیئر میں ملازمتوں میں اضافے اور معیشت کو فروغ دینے کے لیے اہم تجاویز کے حوالے سے تفصیلات کا اعلان کیا۔ سالانہ ریاستی خطاب 2023 کے مطابق، بجٹ میں ہاؤسنگ سپلائی کو بڑھانے اور خطے میں اقتصادی مواقع اور اختراعی عمل میں توسیع کے لیے ایک بڑی سرمایہ کاری شامل ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "رہائش، اختراع، تعلیم اور بنیادی ڈھانچے میں تبدیلی کی ان سرمایہ کاریوں کے ذریعے، ہم سدرن ٹیئر میں رہنے والے ہر فرد کے لیے ایک بہتر، روشن مستقبل تعمیر کر رہے ہیں۔ اس فنڈنگ سے، پورے خطے کے شہر اور قصبے اپنے علاقوں کو زندہ کر سکتے ہیں، نیو یارک کے مکینوں کے لیے مزید مواقع پیدا کر سکتے ہیں، اور اپنے علاقوں کو محفوظ، زیادہ سستا اور زیادہ رہنے کے قابل بنا سکتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہر کسی کو نیو یارک کے خواب کو پورا کرنے کا موقع ملے۔"

گورنر Hochul نے جن بجٹ تجاویز کا آج اعلان کیا ہے ان میں سے کئی سنہ 2023 کے ریاستی خطاب میں اعلان کردہ اقتصادی اختراعی منصوبے سے ہم آہنگ ہیں جن کا مقصد مطلوبہ سرمایہ کاریوں، کاروباری معاونت اور بلند شرح نمو کی حامل صنعتوں کو مدِنظر رکھنے والی دیگر پروگرامنگ کے ذریعے پوری ریاست نیو یارک میں معاشی مواقع اور اختراعات کو بڑھا کر ملازمتوں اور کاروباروں کو بڑھانا ہے۔ گورنر کے بجٹ میں اعلیٰ تعلیم میں سرمایہ کاری کرنے اور ریاست بھر میں مقامی پُرکشش مقامات کو بہتر بنانے کی کئی پہل کاریاں شامل ہیں۔ سدرن ٹیئر کے لیے، منصوبے میں شامل ہے:

- سدرن ٹیئر کے لیے تعلیمی امداد کی مد میں $1.4 بلین
- سدرن ٹیئر کے لیے $95.8 ملین فاؤنڈیشن امداد میں اضافہ
- محکمۂ ٹرانسپورٹیشن (DOT) کے سرمائے کے منصوبوں میں $151 ملین سے زائد، بشمول:
  -- روٹ 17 کے فرش کی تجدید کے لیے $45 ملین
  - پورے خطے میں پُلوں کی تبدیلی اور مرمت کے لیے $10.3 ملین

- بنگھیمٹن یونیورسٹی کے لیے $50 ملین بیٹری ٹیکنالوجی میں جدت لانے کے لیے ایک مرکز قائم کرنا جاری رکھنے کے لیے
- مقامی سڑکوں اور گڑھوں کی مرمت کے لیے $23 ملین سے زائد
- علاقائی کالجوں میں $24 ملین کی سرمایہ کاری، بشمول:
  - بنگھیمٹن یونیورسٹی کے لیے $13 ملین
  - کارنیل یونیورسٹی کے لیے $10 ملین
  - بروم کمیونٹی کالج کے لیے $963,000
  - ٹومپکنز کمیونٹی کالج کے لیے $250,000
  - کارننگ کمیونٹی کالج کے لیے $177,000

- منشیات کی لت سے متعلق خدمات کی فنڈنگ کے لیے $16 ملین
- مونٹور فالز میں فائر اکیڈمی کو بہتر بنانے کے لیے $10 ملین
- بگھیمٹن فلڈ کنٹرول پروجیکٹ کے لیے $6 ملین
- نواحی اور دیہی علاقوں کے تحفظ کی رہائشی فنڈنگ کے لیے $1.2 ملین
- بگھیمٹن یونیورسٹی کے ہیریئیٹ ٹبمین مرکز برائے آزادی اور مساوات کے لیے $400,000
- ٹوگننوک فالز سٹیٹ پارک کے لیے $600,000

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "گورنر Hochul کی بجٹ کی انقلابی تجویز میں جدید ترین ایسی اقتصادی ترقیاتی حکمت عملیاں شامل ہیں جو اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ ریاست بھر میں کمیونٹیز کے پاس کاروبار اور رہائشیوں کی یکساں مدد کے لیے درکار وسائل موجود ہوں۔ تعلیم، افرادی قوت کی ترقی، بنیادی ڈھانچے اور قابل استطاعت رہائش میں ارتکازی نوعیت کی، تغیر و تبدل پر مبنی یہ سرمایہ کاریاں ہماری مقامی معیشتوں کی ترقی کے لئے ان کے مسلسل عزم کا مظہر ہیں۔ سدرن ٹیئر کے ہدف بنائے گے یہ منصوبے اقتصادی ترقی کو ہوا دینے کا کام بھی کریں گے، جس سے اس خوبصورت خطے کو اوپر اٹھانے میں مدد ملے گی"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418